# غیر معمولیِ اجلاس عام کی اطلاع

HUBCO

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ حب پاور کمپنی لمیٹڈ کا خصوصی اجلاسِ عام منگل 16 اپریل 2019 کو صبح 10 بجے میریئٹ ہوٹل عبداللہ، ہارون کراچی میں درجِ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

## خصوصی کاروبار.

**1۔ تھر انرجی لمیٹڈ (TEL) کے لئے لیٹر آف سپورٹ (LOS) برائے پرائیوٹ پاور اور انفرا انسٹرکچر بورڈ (PPIB) کی گارنٹی کے اجراء کی توثیق**

درجِ ذیل پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم درجِ ذیل قراردادوں کو خصوصی کاروبار کے طور پر منظور کرنا

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری سیکشن 199 کی شرائط میں درج کی جارہی ہے تاکہ تھر لمیٹڈ (TEL) انرجی کے 1.98 ملین امریکن ڈالرز تک کے واجبات کے بندوبست کے لئے کمپنی کو مجاز بنایا کہ وہ پرائیوٹ پاور اینڈ انفرااسٹرکچر بورڈ (PPIB) کو بینک گارنٹی کا انتظام وفراہمی کرے۔ بینک گارنٹی 31 دسمبر 2019 تک کی مدت کے لئے ہوگی۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ PPIB کو بینک گارنٹی فراہم کرنے کے لئے بینکس، فنانشل اداروں سے مالیاتی سہولت حاصل کریں۔ یہ حصول ایسی شرائط وضوابط پر ہوگا کہ جن کو گارنٹی کی رقم کے لئے چارج، ہائپوتھیکیشن کی تیاری میں کمپنی کے (متحرک یا غیر متحرک) اثاثہ جات پر درست مارجن کے ساتھ مناسب سمجھا جائے اور مذکورہ مقاصد کے لئے معاہدات، سیکوریٹی دستاویزات، تصدیق، نوٹس، فائلنگ اور سرٹیفکیٹ جو کہ قانون کے مطابق فنانسرز کے ساتھ طے کئے جائیں یا کوئی بھی ترمیم عمل میں لائی جائے۔"

**۲۔ چائنہ پاور حب جنریشن کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ (CPHGC) میں سرمایہ کاری**

درجِ ذیل پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم درجِ ذیل قراردادوں کو خصوصی کاروبار کے طور پر منظور کرنا۔

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کے مطابق ہے تاکہ کمپنی چائنہ پاور حب جنریشن کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ (CPHGC) میں 250 ملین امریکن ڈالرز کی سرمایہ کاری بشمول تمام ترلاگو ٹیکسز کر سکے (براہ راست یا HPHL کے ذریعے) CPHGC میں یہ سرمایہ کاری پاکستانی دس روپے فی شیئر یا پریمیم کے مطابق یا پھر چائنہ پاور انٹرنیشنل (پاکستان) انویسٹمنٹ لمیٹڈ (CPIPIL) کے شیئر خرید کر۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا سرمایہ کاری اور CPHGC کے شیئرز کو خریدنے کے لئے ممکنہ اقدامات کریں۔"

**۳۔ تھر میں 330 میگاواٹ مائن۔ ماؤتھ کول پاور پلانٹ کو چالو کرنے کے لئے اسپانسر سپورٹ معاہدہ**

درجِ ذیل پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم درجِ ذیل قراردادوں کو خصوصی کاروبار کے طور پر منظور کرنا

الف۔ تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں سرمایہ کاری

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری ہے تاکہ کمپنی تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ TN میں براہِ راست یا حب پاور ہولڈنگز لمیٹڈ (HPHL) کے ذریعے سرمایہ کاری کی جائے جس کی مالیت 50.5 ملین امریکن ڈالرز سے زیادہ نہ ہو۔ (یا پاکستانی روپے کے برابر) یہ سرمایہ کاری پاکستانی دس روپے فی شیئر یا پریمیم کے مطابق جو کے (TN) کے بورڈ سے منظور ہوا ہو۔ یہ سرمایہ کاری 31 جولائی 2026 تک کی جائے گی یا اس وقت تک جب تک اسپانسر کے معاہدے کی معیاد ہے۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا سرمایہ کاری اور TN کے شیئرز کو خریدنے کے لئے ممکنہ اقدامات کریں۔

ب۔ ایکوئیٹی اسٹینڈ بائے لیٹر آف کریڈٹ (SBLC)

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کے مطابق ہے اور کمپنی ایکوئیٹی اسٹینڈ بائے لیٹر آف کریڈٹ تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ TN کے لینڈرز کو پیش کرنے کا انتظام اور بندوبست کرے تاکہ یہ سرمایہ کاری (براہ راست یا حب پاور ہولڈنگز لمیٹڈ (HPHL) کے ذریعے) (50.5 ملین امریکن ڈالرز کی ایکوئیٹی فراہم کی جائے۔ یہ سرمایہ کاری 31 جولائی 2026 تک کی جائے گی یا اس وقت تک جب تک اسپانسر کے معاہدے کی معیاد ہے۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا لیٹر آف کریڈٹ کے اجراء کے لئے متعلقہ بینکوں اور فنانشل اداروں سے بات کریں اور لینڈرز کے لئے رقم کی سیکوریٹی کو پیش کرنے کے لئے ممکنہ اقدامات کریں اور اس کے علاوہ تمام تر کاغذی کاروائی، فائلنگ، نوٹسز اور سرٹیفکیٹس لینڈرز کے ساتھ طے کئے جائیں یا کوئی بھی ترمیم عمل میں لائی جائے۔ "

### پ۔ اقرارنامہ برائے استعمالی سرمایہ (انڈرٹیکنگ)

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کے مطابق ہے اور کمپنی تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ TN کے لینڈرز کو استعمالی سرمائے کا اقرارنامہ پیش کرنے کا انتظام اور بندوبست کرے تاکہ 23 ملین امریکن ڈالرز کا استعمالی سرمایہ فراہم کرے۔ یہ سرمایہ کاری (براہ راست یا حب پاور ہولڈنگز لمیٹڈ (HPHL) کے ذریعے) پاکستانی دس روپے فی شیئر یا پریمیم کے مطابق خرید کرکی جائے گی۔ یہ سرمایہ کاری 31 اگست 2033 تک کی جائے گی یا اس وقت تک جب تک اسپانسر کے معاہدے کی معیاد ہے۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا سرمایہ کاری کے لئے متعلقہ بینکوں اور فنانشل اداروں (بشمول اسلامک فنانشل (انسٹیٹیوشنز) سے بات کریں اور لینڈرز کے لئے استعمالی سرمائے کی رقم کی سیکوریٹی کو پیش کرنے کے لئے ممکنہ اقدامات کریں اور اس کے علاوہ تمام تر کاغذی کاروائی، فائلنگ، نوٹسز اور سرٹیفکیٹس پورے کئے جائیں یا کوئی بھی ترمیم عمل میں لائی جائے۔"

### ت۔ ایکوئیٹی تابع قرضہ

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کے مطابق ہے اور کمپنی تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ TN کے ایکوئٹی تابع قرضے کے ذریعے کی گئی سرمایہ کاری جو لینڈرز کریں گے اس کا انتظام کرے اور TN کے لینڈرز استعمالی قرضہ فراہم کرے جو (براہ راست یا حب پاور ہولڈنگز لمیٹڈ کے ذریعے) یہ سرمایہ کاری 31 اگست 2033 تک کی جائے گی یا اس وقت تک جب تک اسپانسر کے معاہدے کی معیاد ہے۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ TN کے لینڈرز کو سرمایہ کاری کے لئے متعلقہ بینکوں اور فنانشل اداروں (بشمول اسلامک فنانشل انسٹیٹیوشنز) سے بات کریں اور لینڈرز کے لئے استعمالی سرمائے کی رقم کے لئے ممکنہ اقدامات کریں (یہ ایکوئٹی تابع قرضہ ہوگا) اور اس کے علاوہ تمام تر کاغذی کاروائی، فائلنگ، نوٹسز اور سرٹیفکیٹس پورے کئے جائیں یا کوئی بھی ترمیم عمل میں لائی جائے۔"

### ٹ۔ معاہدہ برائے شیئر (agreement share pledge)

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کے مطابق ہے اور کمپنی تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ TN کے لینڈرز کے لئے وقتاً فوقتاً شیئرز پیش کرتی رہے گی۔ یہ سرمایہ کاری 31 اگست 2033 تک کی جائے گی یا اس وقت تک جب تک اسپانسر کے معاہدے کی معیاد ہے۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ شیئر پلیج ایگریمنٹ کے لئے تمام تر کاغذی کارروائی کریں۔ اس کے علاوہ لینڈرز اور TN درمیان معاہدے کے مطابق تمام تر کاغذی کاروائی، فائلنگ، نوٹسز اور سرٹیفکیٹس پورے کئے جائیں یا کوئی بھی ترمیم عمل میں لائی جائے۔"

### ث۔ لیٹر آف کریڈٹ برائے سپانسر سپورٹ

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کے مطابق ہے اور کمپنی تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ TN کیلئے گارنٹی لیٹر آف کریڈٹ کی صورت میں مہیا کرے۔ جو امریکن 20 ملین ڈالرز کی رقم کو مہیا کرنے کے لئے ہوگا، جو ایکوئٹی کی صورت میں تحفظ فراہم کرے گا (اول) سرمایہ کاری کو لاگت زیادہ ہو جانے کی صورت میں (دوم) پراجیکٹ کی تکمیل کی تاریخ سے پہلے کوئی ادائیگی اور (سوم) کمرشل آپریشن کی تاریخ کے معاہدے کی صورت میں۔ یہ سرمایہ کاری 31 جولائی 2026 تک کی جائے گی یا اس وقت تک جب تک اسپانسر کے معاہدے کی معیاد ہے۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ لینڈرز کے لئے لیٹر آف کریڈٹ متعلقہ بینکوں اور فنانشل اداروں سے بات کریں اور لینڈرز کے لئے استعمالی سرمائے کی رقم کے لئے ممکنہ اقدامات کریں اور اس کے علاوہ تمام تر کاغذی کاروائی، فائلنگ، نوٹسز اور سرٹیفکیٹس پورے کئے جائیں یا کوئی بھی ترمیم عمل میں لائی جائے۔"

### ج۔ ابتدائی ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ DSRA اور LC DSRA لیٹر آف کریڈٹ

طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کے مطابق ہے اور کمپنی اسپانسر اسٹینڈ بائے لیٹر آف کریڈٹ مہیا کرے۔ جس کی وجہ سے ابتدائی ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ میں کمی جو کہ امریکن 14 ملین ڈالرز سے زیادہ نہ ہو کو پورا کیا جاسکے۔ یہ SLBC قرضہ کی پہلی قسط یا 31 جنوری 2024 تک کی مدت کے لئے ہے۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط کمپنی کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اسپانسر اسٹینڈ بائے لیٹر آف کریڈٹ جاری کر سکے۔ تاکہ ابتدائی ڈیبٹ سروس ریزرو اکاؤنٹ میں کمی جو کہ امریکن 14 ملین ڈالرز سے زیادہ نہ ہو کو پورا کیا جاسکے۔
یہ SLBC قرضہ کی پہلی قسط یا 31 اگست 2033 تک کی مدت کے لئے ہے۔"

"مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے مشروط چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ لینڈرز کے لئے لیٹر آف کریڈٹ متعلقہ بینکوں اور فنانشل اداروں سے بات کریں اور لینڈرز کے لئے استعمالی سرمائے کی رقم کے لئے ممکنہ اقدامات کریں اور اس کے علاوہ تمام تر کاغذی کاروائی، فائلنگ، نوٹسز اور سرٹیفکیٹس پورے کئے جائیں یا کوئی بھی ترمیم عمل میں لائی جائے۔"

### ح۔ تھل نووا پاور تھر (پرائیویٹ) لمیٹڈ TN پُٹ آپشن

"طے پایا کہ کمپنی کے ممبران کی منظوری کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کی شرائط کے مطابق ہے اور کمپنی پُٹ آپشن / کمرشل (Put Option CRG) رِسک گارنٹی میں شرکت کرے تاکہ مقامی بینکوں / فنانشل اداروں (بشمول حبیب بینک لمیٹڈ) سے غیر ملکی لینڈرز کو امریکی 10 ملین ڈالرز تک کی ادائیگی کی جاسکے۔ تاکہ ڈیفالٹ کے صورت میں پرائمری آبلیگٹر کا کردار قوانین اور ضوابط کے مطابق ادا کیا جاسکے۔ یہ آبلیکیشن 31 جولائی 2033 تک لاگو رہے گی یا اس وقت تک جب تک اسپانسر کے معاہدے کی معیاد ہے۔"

مزید طے پایا کہ شیئر ہولڈرز کی منظوری سے سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ پُٹ آپشن / CRG فنانسرز کو سپورٹ کرے تاکہ TN کے نادہندہ ہونے کی صورت میں پُٹ آپشن CRG/ فنانسرز کے نقصان کو پورا کیا جائے۔ جس کے تحت امریکن 7 ملین ڈالرز کی رقم پُٹ آپشن CRG / فنانسرز کو مہیا کردی جائے۔ یہ آبلیکیشن 31 جولائی 2033 تک لاگو رہے گی یا اس وقت تک جب تک اسپانسر کے معاہدے کی معیاد ہے۔"

مزید طے پایا کہ کمپنی پُٹ آپشن / CRG فنانسرز کے مطابق ضمانت یا سیکوریٹی فراہم کرے یا متبادل سرمایہ فراہم کرے جو پُٹ آپشن / CRG فنانسرز کی ڈیمانڈ کے مطابق ہو۔ پُٹ آپشن / CRG سپورٹ سرمایہ وقتاً فوقتاً پُٹ آپشن / CRG کنٹری بیوشن کی رقم چندہ (درجِ ذیل) شخصیات کے مطابق ہو۔

"مزید طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر یا علیحدہ سے اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ پُٹ آپشن / CRG کے مطابق تمام تر کاغذی کاروائی، فائلنگ، نوٹسز اور سرٹیفکیٹس پورے کریں اور اپنے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے مندرجہ بالا نکات کو پورا کریں۔"

شہریار نشاط
کمپنی سیکریٹری

بتاریخ 14 مارچ 2019 کراچی

## نوٹس

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بروز منگل 9 اپریل 2019 سے بروز منگل 16 اپریل 2019 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔

i۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اپنی جگہ کسی دیگر فرد کو شرکت اور ووٹ دینے کے لئے تحریری طور پر پراکسی (نائب) مقرر کر سکتا / کرسکتی ہے۔

ii۔ پراکسی کی تقرری کی منظوری کے لئے، باضابطہ مکمل دستخط شدہ پراکسی فارمز کمپنی کے سیکریٹری کے پاس کمپنی کے ہیڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانے چاہئیں۔

iii۔ ممبران کراچی اور لاہور میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت لے سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں برائے مہربانی درجِ ذیل مہیا کیا گیا فارم پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر رجسٹریشن کے لئے غیر معمولی اجلاسِ عام سے دس دن قبل ارسال کردیں۔

اگر کمپنی کو کسی بھی شہر یا علاقے سے 10 فی صد سے زیادہ مالیت کے شیئر رکھنے والے ممبران کی غیر معمولی اجلاس سے دس دن قبل درخواست ہوگی تو کمپنی اس شہر میں اگر ویڈیو کانفرسنگ کی سہولت میسر ہو تو اس کا انتظام یقینی طور پر کرے گی۔

کمپنی غیر معمولی اجلاس عام سے پانچ دن قبل ممبر کو اس کے شہر میں ویڈیو کانفرسنگ کی سہولت کا پتا بتائے گی تاکہ معزز ممبر اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکے۔

میں / ہم ______ رہائشی ______

حب پاور کمپنی لمیٹڈ کے ممبر ہیں اور ہم ہولڈر ہیں ______

حاصل کرنا چاہتے ہیں ______ آرڈنری شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر ______

ویڈیو کی سہولت اس پتے پر ______

ممبر کا / کی دستخط: ______

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ان گائڈلائنز پر عمل کرنا ہوگا جو کہ سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں موجود ہیں جسے سیکوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے شائع کیا۔

### الف۔ میٹنگ میں شرکت کے لئے:

i۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات اپ لوڈڈ (مندرج) ہیں۔ ان کو قوائد کے مطابق اپنی شناخت کے لئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

ii۔ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائرکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی، نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اجلاس کے وقت پیش کئے جائیں گے۔ (اگر کمپنی کو پہلے فراہم نہیں کئے گئے)

### ب۔ پراکسیز کی تقرری کے لئے

i۔ افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈڈ (مندرج) ہے۔ وہ مندرجہ بالا ضرورت کے مطابق پراکسی فارم پیش کریں گے۔

ii۔ پراکسی فارم دو افراد کی جانب سے گواہی کے ہمراہ ہونے چاہئیں، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر پراکسی فارم پر درج ہوں۔

iii۔ بنی فیشل اونرز اور پراکسی، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کریں گے۔

iv۔ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائرکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی، نامزد فرد کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پراکسی فارم کمپنی کو پیش کئے جائیں گے۔

v۔ ہر کسی فارم کو دو گواہ دستخط کریں گے، جس میں ممبر اپنا نام پتا اور شناختی کارڈ نمبر CNIC بھی فارم میں درج کریں گے۔